RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۱۳ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۲ ماہ شوال سنہ ۱۳۱۲ ہجری مطابق ۸ اپریل سنہ ۱۸۹۵ عیسوی | جلد ۷

فہرست مضامین

نمبر سلسلہ	نام مضمون	نمبر صفحہ
	حکم اجلاس کامل	
۱	دربارۂ ممانعت طبع کاغذات سررشتہ جات سرکاری سوای مطبع سرکاری	۱ و ۲
	حکم صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر	
۲	ترقی و تنزل ملازمان پولیس ۔	۲
	روبکار صاحب جوڈیشل ممبر بہادر	
۳	بابت ارسال نقشہ کیفیت روزہ حوالاتیان از عدالتہای فوجداری	۲ و ۳
۴	روبکار کمیٹی میونسپل بورڈ شہر رامپور ۔	ضمیمہ
۵	نقشہ حیات شدہ ممات و نقشہ نرخنامہ اجناس ۔	″

حکم اجلاس کامل کونسل واقعہ ۲۵ مارچ سنہ ۱۸۹۵ع

دربارۂ ممانعت طبع کاغذات سرکاری کی سوای مطبع سرکاری کے

آج پیشگاہ حضور پرنور ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم و ملکہم باجلاس کونسل پیش ہو کر دریافت ہوا کہ سابق ممانعت ہو چکی ہے کہ کاغذات محکمہ جات و سررشتہ جات سرکاری کے سوائے مطبع سرکاری دیگر جگہ طبع ہوا کریں مگر اوسکی تعمیل پورے پورے طور پر نہیں ہوتی لہذا بالاتفاق تجویز ہوا کہ مجدداً احکام تاکیدی جاری کیے جائیں کہ سوائے مطبع سرکاری کے کسی محکمہ یا کسی سررشتہ کے

کاغذات دو مقررے مطبع مین طبع کرائے جاوین حکام و افسران سررشتہ اس امر کا بہت خیال رکھین مثل بنابر اجرای احکام باجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر مرسل ہو اور ایک نقل درج گزٹ کی جائے

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

حسب منشار تجویز اجلاس کامل ہر سررشتہ کی کاغذ سوای مطبع سرکاری کے اور جگہہ طبع نہوا کرین ایک نقل تجویز اجلاس کامل کی بنابر اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جای تاکہ ہر سررشتہ مطلع ہو کر موافق حکم اجلاس کامل تعمیل کرے اور ایک ایک نقل اسکی باجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر و باجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر و باجلاس صاحب سکرٹری بہادر مرسل ہو کہ براہ مہربانی اپنے اپنے سررشتون متعلق مین حکم جاری فرمادین کہ منشای حکم کونسل کا ررروائی ہو کرے۔

۱۳ مارچ ۱۸۹۵ء [illegible]

ترقی و تنزل ملازمان پولیس بماہ مارچ ۱۸۹۵ عیسوی حسب منظوری صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر کونسل

ترقی

(۱) حامد خان ہیڈ کانسٹبل اجلاس صاحب مجسٹریٹ ضلع مشاہرہ دار پندرہ روپیہ کو من ابتدائے یکم مارچ ۱۸۹۵ء صہ ماہوار ترقی دیگئی۔

(۲) سید تفضل حسین انسپکٹر شاہ آباد شاہ پور دارد کو یکم مارچ ۱۸۹۵ء سے صہ ترقی دی گئی۔

تنزل

(۱) توسل حسین ہیڈ کانسٹبل درجہ دوم ماموری تھانہ بوجہ نہ قائم کرنے مقدمہ کے ۲۵ فروری ۱۸۹۵ عیسوی سے صہ تنزل اور درجہ سوم ہوا۔

(۲) شفاعت علیخان ہیڈ کانسٹبل درجہ سوم ماموری تھانہ بوجہ نہ قائم کرنے مقدمہ کے ۲۵ فروری ۱۸۹۵ء سے صہ تنزل اور درجہ چہارم ہوا۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۱۳ مارچ ۱۸۹۵ء

ہمکو معلوم ہوا کہ یہان کی عدالتہاے فوجداری مین وہ مقدمات جنکے ملزم مقید بحوالات ہوتے ہین عرصہ تک دائر رہتے ہین اور بلا وجہ موجہ تاریخ پیشی پر التوا ہوتا جاتا ہے جسکی وجہ سے ملزمین زیادہ عرصہ تک مقید حوالات رہتے ہین مقدمات فوجداری بالخصوص جن مین ملزمان مقید حوالات ہون حتی الامکان انکے فیصلہ کی عجلت کیطرف توجہ حکام فوجداری ضرور ہونا چاہیے بیشتر بذریعہ روبکار ۲ مارچ ۱۸۹۵ء مطبوعہ گزٹ نمبر ۱۲ فوجداری عدالتون کو ایما ہوا تھا کہ جب کسی تاریخ مقررہ پر مقدمہ فیصل نہو سکے تو اوسکی یادداشت مع وجہ التوا مقدمہ شامل مثل کر دینا چاہیے اور یہ بھی ہدایت ہوئی تھی کہ ہر پندرہ روز کے بعد ایسی مقدمات کی التوا کی بابت ایک یادداشت اطلاعی اس اجلاس مین آنا چاہیے مگر ان دونون احکام کی تعمیل ہونا اب کسی عدالت مین پایا نہین جاتا اسلیے ہم مناسب سمجھتے ہین کہ ایک نقشہ نمبر وزہ حوالاتیان ہر عدالت سے بنمونہ منسلکہ ہمارے اجلاس مین آیا کرے جس سے

ہر عدالت کے حوالاتیان کی مدت اور وجہ التوا معلوم ہونی ضرور ہے اس نقشہ کی آمد کے لیے تواریخ یکم و ۸ و ۱۶ و ۲۳ ہر مہینہ کی مقرر کیجاتی ہیں اوقات مقررہ پر ہمارے اجلاس میں ہر عدالت کے نقشہ کا ضرور پہونچ جانا چاہیے جس عدالت کے نقشہ آنے میں تعویق ہوگی تو بہت بازپرس ہوگا۔

حکم ہوا کہ

واسطے [illegible] تعمیل عدالتہاے فوجداری مسودہ ضابطہ نقل ہوکر بجامع نمونہ نقشہ منسلکہ درج گزٹ ہو اور ایک نقل مع نقل نقشہ بغرض اطلاع و ہدایت عدالتہاے ماتحت بخدمت صاحب سشن جج بہادر مرسل ہو۔

[illegible]

نقشہ حوالاتیان عدالت بابت ہفتہ من ابتدای لغایت

نمبر حوالاتیان	نام مدعی	نام ملزم مع ولدیت و سکونت	الزام	تاریخ حوالات: ابتداے حوالات	تاریخ حوالات: [illegible]	تاریخ پیشی	کیفیت التوا مقدمہ پیشی کی تاریخ قبل	کیفیت

مطبع سرکاری ریاست رامپور میں چھپکر شایع ہوا

حکم صاحب والئی ریزیڈنٹ بہادر واقعہ ۲۶ مارچ سنہ ۱۸۹۵ء

کل دفعات روئداد کمیٹی ملاحظہ ہوئی کوئی امر قابل تحریر حکم خاص نہیں ہے البتہ نقل اسکی صرف [illegible] گزٹ کر دیجائے اصل روئداد بنام سکرٹری میونسپل بورڈ مرسلہ [illegible]

روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ شہر رامپور منعقدہ ۱۷ جنوری سنہ ۱۸۹۵ء

جناب مولوی محمد اصغر صاحب بہادر سشن جج صدر نشین کمیٹی

حاجی حافظ محمد ہادی حسن خان صاحب مجسٹریٹ بہادر نائب صدر نشین کمیٹی

منشی ہند کشور صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ بہادر سکرٹری کمیٹی

اسمائے شرکاء جلسہ

ملازمین

۱- مولوی محمد یعقوب علی خانصاحب — وکیل سرکار بہادر

۲- پنڈت رام دیال صاحب — ڈاکٹر فوج

غیر ملازمین

۱- صاحبزادہ [illegible] خانصاحب

۲- مولوی محمد [illegible] صاحب

۳- سید محمد ابراہیم صاحب

۴- مولوی محمد عبد المجید خانصاحب

۵- لالہ گوپال داس صاحب

۶- لالہ کنہیا لال صاحب

۷- لالہ [illegible] دیال صاحب

۸- لالہ بلدیو داس صاحب

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۱- عرضی محلہ داران گنج بدرخواست قائمی شفاخانہ یونانی	بالاتفاق تجویز ہوا کہ بمحلہ گنج شفاخانہ یونانی قائم رہے [illegible]
۲- عرضی محلہ داران راجدوارہ مع کیفیت صفائی و ڈاکٹر صاحب فوج ممبر بورڈ بابتہ انپاشتگی تالاب۔	بالاتفاق رائے تجویز ہوا کہ مٹی سے انپاشت کرنیکی ضرورت نہیں ہے [illegible] کی جاوے جو کوڑہ صفائی شہر کا [illegible] جمع ہوتا ہے اوس سے انپاشت کیا جاوے [illegible]

	اس بابت اوورسیر سے کیفیت طلب کیجاوے اور ایک ٹنٹ مٹی ڈالنی کی بابت تخمینہ طلب ہو۔
۳۔ عرضی ٹھیکہ دار آبکاری مع کیفیت صفائی بدرخواست نہ قطع کرنے صرف صفائی بھی بوجہ نکرنے کام پورہ ملازم صفائی۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ بحیثیت ٹھیکہ دار ٹھیکہ دار آبکاری کو عدم تحقیقات کا عذر ہے اور اس سے وجہ عدم صفائی ہو کہ صفائی ملازم پورے کام نہیں کیا اور صفائی کی رپورٹ سے معلوم ہوتا ہے کہ صفائی کا پورا کام کیا ہے لہذا اس بابت صاحب سکرٹری بورڈ خود تحقیقات کر کے اطلاع دیں۔
۴۔ عرضی یوسف علیخان بدرخواست اجازت کرنے کوٹھہ محلہ بارہ دری محمود خان معہ کیفیت صفائی۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ ڈاکٹر صاحب فوج کوٹھہ کرنے کو مضر صحت اپنی رائے میں کہتے ہیں لہذا اس بارہ میں صاحب اسسٹنٹ سرجن بہادر سے بھی رائے طلب ہو کہ اگر کوٹھہ کرنیکی اجازت دیجاوے تو یہ امر مضر صحت ہے یا نہیں۔
۵۔ رپورٹ صفائی بجواب تحریر کمیٹی دربارہ اجرائی گاڑیاں۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ نمونہ گاڑیان میونسپلٹی مرادآباد کے منگوانے یا بنوانیکی ضرورت نہیں ہے گاڑیان موجودہ صفائی سے کام لیا جاوے کاغذات داخل دفتر ہوں۔
۶۔ نوٹ بخشی صاحب فوج دربارہ مقرر ہونے قاعدہ داغدہائی گوسفندان۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ داغدہائی گوسفندان کا کام صرف بخشی صاحب فوج کے سپرد اگر وہ یہہ تکلیف گوارہ فرماویں تو کیا جاوے کہ وہ بعد ملاحظہ داغ لگوا دیا کریں اور یہ بھی تحریر فرما دیں کہ کس وقت بکریاں واسطے ملاحظہ و داغ کے آیا کریں۔
۷۔ عرضی بلدیو داس ساکن محلہ ظفر گنج بشکایت تنگی دکان کھیاسی رام وغیرہ مع نوٹ بخشی صاحب فوج مرتبہ۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ میونسپلٹی سے کچھ تعلق نہیں ہے صاحب مجسٹریٹ بہادر ضلع کے اجلاس میں پیش ہو۔

مطبوعہ ۸ اپریل ۱۸۹۵ء جلد ۔۔

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائی یکم لغایت ۷ اپریل ۱۸۹۵ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد مسلم	مرد ہنود	عورت مسلم	عورت ہنود	میزان	تفصیل مذہب مسلم	تفصیل مذہب ہنود	تفصیل موت: ایکسال تک مرد	ایکسال تک عورت	۱ سال سے ۱۲ سال تک مرد	۱ سال سے ۱۲ سال تک عورت	۱۲ سال سے زیادہ مرد	۱۲ سال سے زیادہ عورت	میزان مرد	میزان عورت	تفصیل مذہب مسلم	تفصیل مذہب ہنود	تفصیل امراض: [illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کیفیت
شہر رامپور	۲	۲	۷	۰	۱۱	۹	۲	۵	۳	۰	۱	۹	۵	۱۴	۹	۱۷	۶	۰	۰	۰	۲۲	۲۳	۰
شاہ آباد	۴	۱۲	۳	۹	۳۱	۷	۲۴	۲	۲	۰	۰	۳	۵	۶	۷	۲	۷	۰	۰	۱۲	۱	۱۴	۰
ملک	۹	۶۷	۳	۲۲	۸۹	۱۲	۷۶	۶	۳	۲	۱	۱۰	۶	۱۸	۱۰	۲	۲۲	۰	۳	۰	۲۵	۲۸	۰
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ تحصیل نہیں آیا
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	ایضاً
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	ایضاً
میزان	۱۵	۹۳	۱۳	۳۰	۱۳۱	۲۸	۹۳	۱۳	۸	۲	۲	۲۲	۱۶	۳۸	۲۶	۲۵	۲۹	۰	۳	۱۲	۳۹	۴۴	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائی یکم لغایت ۷ اپریل ۱۸۹۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۱۶ ار	۱۵ ۰ار	۰	۱۲ ۰ار	۱۲ ۰ار	حضور تحصیل و سوار سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۰	۲۲ ۰ار	۲۲ ار	۰	۲۰ ار	۱۹ ار	
نخود کسے [illegible]	۰	۲۵ ار	۲۱ ار	۰	۲۲ ۰ار	۱۹ ۰ار	
[illegible]	۰	۰	۲۵ ار	۰	۰	۰	
ماش	۰	۱۰ ار	۹ ار	۰	۹ ار	۹ ار	
مونگ	۰	۱۳ ار	۹ ار	۰	۰	۹ ار	
مکا	۰	۰	۰	۰	۱۶ ار	۱۷ ار	
[illegible]	۰	۲۶ ۰ار	۲۰ ۰ار	۰	۲۵ ار	۲۵ ۰ار	
[illegible]	۰	۰	۲۰ ار	۰	۱۷ ۰ار	۱۸ ار	
[illegible]	۰	۲۴ ار	۲۴ ار	۰	۰	۰	
[illegible]	۰	۰	۰	۰	۰	۱۸ ار	
برنج	۰	۱۰ ار	۱۰ ار	۰	۱۱ ار	۱۲ ار	
روغن زرد	۰	۱ ار	۱ ار	۰	۱ ار	۱ ار	
[illegible] سیاہ	۰	۲ ۰ار	۲ ۰ار	۰	۱۳ ار	۳ ۰ار	
روغن [illegible]	۰	۲ ار	۲ ار	۰	۰	۲ ار	
شکر [illegible]	۰	۸ ار	۹ ار	۰	۸ ۰ار	۸ ار	
نمک لاہوری	۰	۶ ار	۶ ار	۰	۰	۷ ار	
[illegible] سیاہ	۰	۸ ۰ار	۸ ار	۰	۶ ار	۹ ار	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور